محاورے

(Idioms)

اب ان جملوں کو پڑھیے:

- بہت دن بعد نانی سے مِل کر آنکھیں بھر آئیں۔
- حقیقت سامنے آنے پر وہ بغلیں جھانکنے لگا۔
- آپ سے مل کر دل باغ باغ ہوگیا۔

ان جملوں کے خط کشیدہ الفاظ ''آنکھیں بھر آنا، بغلیں جھانکنا اور دل باغ باغ ہوگیا'' کے معنی ہیں:
''رنجیدہ ہونا، شرمندہ ہونا اور بہت خوش ہونا۔''

''وہ الفاظ جو فعل پر ختم ہوتے ہیں اور اپنے لغوی معنی کی جگہ دوسرے معنی میں استعمال کیے جاتے ہیں، انھیں محاورہ کہتے ہیں۔''